قانون سینماٹوگراف

نشان (۸) سنہ ۱۳۴۸ف

جریدۂ اعلامیہ مورخہ ۱۰ شہریور سنہ ۱۳۴۸ف میں شائع ہوا

مطبوعہ

مطبع مجلس وضع قوانین سرکار عالی

قیمت (۲ ر)

فہرست مضامین

قانون سینماٹوگراف نشان (۸) ۱۳۴۰ف

قانون سینماٹوگراف

نشان (۸) بابتہ سنہ ۱۳۴۲ف

جو پیشگاہ اعلیٰ حضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۳۰ امرداد سنہ ۱۳۴۲ف منظور ہوا

تمہید | ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ سینما کے متعلق مناسب انتظامات عمل میں لانے کے لئے قانون مدون کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے:۔

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی | **دفعہ ۱** ۔ یہ قانون بنام "قانون سینماٹوگراف" موسوم ہو سکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ[1] سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

تعریفات | **دفعہ ۲** ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

"سینماٹوگراف" میں ہر آلہ داخل ہوگا جو متحرک تصاویر یا ان کے سلسلے کو دکھانے کے کام میں لایا جاتا ہو۔

"مقام" میں مکان۔ عمارت اور خیمہ بھی داخل ہے۔ اور

"مقررہ" سے مراد مقرر شدہ بروئے قواعد تحت قانون ہذا ہے۔

---

[1] جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۰ شہریور سنہ ۱۳۴۲ف میں شائع ہوا۔

تصاویر کی عام نمائش کے لئے اجازت کا لزوم

دفعہ ۳۔ بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کوئی حکم اس کے خلاف پایا جائے کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ سینماٹوگراف کے ذریعہ سے متحرک تصاویر کسی ایسے مقام میں دکھائے جہاں دکھائے جانے کی اجازت قانون ہذا کے مطابق نہ دی گئی ہو یا ان کے دکھانے میں ان شرایط یا پابندیوں پر عمل نہ کرے جو اجازت نامہ مذکور سے اس پر عائد کی گئی ہوں۔

لیکن اس دفعہ کے احکام تصاویر کی ایسی نمائش سے متعلق نہ ہونگے جس میں عامہ خلائق باد ائی یا بلا ادائی رقم داخل نہ ہوسکتی ہو اور جس میں تماشائیوں کی تعداد پچاس سے کم ہو۔

عہدہ دار اجازت دہندہ

دفعہ ۴۔ قانون ہذا کے تحت بلدہ میں کوتوال بلدہ اور اضلاع میں تعلقدار اجازت نامہ دینے کے مجاز ہونگے اور یہ عہدہ دار۔ عہدہ دار اجازت دہندہ کے نام سے موسوم ہوں گے۔

لیکن سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ بہ اغراض قانون ہذا ممالک محروسہ سرکار عالی یا اس کے کسی حصہ کے لئے ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ اعلامیہ کسی اور عہدہ دار کو بھی عہدہ دار اجازت دہندہ قرار دیں۔

عہدہ دار اجازت دہندہ کے اختیارات پر قیود

دفعہ ۵۔ (۱) عہدہ دار اجازت دہندہ تحت قانون ہذا کوئی اجازت نامہ جاری نہ کرسکے گا جب

تک کہ اُس کو اس امر کا اطمینان نہ ہو جائے کہ

(الف) قواعد تحت قانون ہذا کی واقعی طور پر تعمیل کی جا چکی ہے۔ اور

(ب) جس مقام کی اجازت دیجاتی ہے وہاں سینما میں آنیوالے لوگوں کی حفاظت کے لئے کافی احتیاط کے ساتھ انتظام کیا گیا ہے۔

(۲) ہر اجازت نامہ میں یہ شرط درج رہے گی کہ اجازت یافتہ اس مقام میں جہاں تصاویر دکھانے کی اجازت ملی ہے بجز اُن تصاویر کے جن کی عہدہ دار مقتدر نے تحت دفعہ ۹ عام نمائش کے قابل ہونے کی تصدیق کی ہے کوئی اور تصویر نہیں دکھائے گا اور نہ دکھانے دیگا۔ اور ایسی تصویر پر عہدہ دار مقتدر کی منظوری کی مقررہ علامت ثبت رہیگی اور ثبت علامت کے بعد تصویر مذکور میں کسی قسم کا تغیر و تبدل نہ ہوسکیگا۔

(۳) بموجب احکام دفعات ۵ و ۶ اور سرکار عالی کے عام اختیارات نگرانی کے تحت عہدہ دار اجازت دہندہ حسب قانون ہذا جنھیں وہ اس لائق سمجھے اجازت نامہ ایسے قیود و شرائط اور پابندیوں کے ساتھ دینے کا مجاز ہوگا جو مقامی حالات کے لحاظ سے اجازت دہندہ کی رائے میں ضروری اور مناسب ہوں۔

قانون ہذا اور اس کے قواعد کی خلاف ورزی کی سزا

دفعہ ۶۔ (۱) اگر سینماٹوگراف کا مالک یا وہ شخص جس کے زیر اہتمام سینماٹوگراف ہو اس

سینماٹوگراف کو یا اُس مقام کا مالک یا قابض جہاں سینماٹوگراف ہو اس مقام کو اس طرح کام میں لائے یا لانے دے جو قانون ہذا یا اُس کے قواعد یا اجازت نامہ کے عائد کردہ قیود و شرائط اور پابندیوں کے خلاف ہو تو اُسے جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۱۰۰۰) روپیہ تک ہوسکے گی اور اُس پر مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں خلاف ورزی کے جاری رہنے تک روزآنہ ایک سو روپیہ تک مزید جرمانہ ہوسکے گا۔ اور اس کا اجازت نامہ (اگر کوئی ہو) اجازت دہندہ منسوخ کرسکے گا۔

(۲) اگر کوئی شخص تحت قانون ہذا کسی تصویر کی بابت کسی جرم میں سزایاب ہو تو عدالت سزا دہندہ اس تصویر کو بحق سرکار عالی ضبط کئے جانے کا حکم دے سکے گی۔

دفعہ - (۱) اس امر کے جانچنے اور منظوری دینے کا اختیار کہ کون سے تصاویر عام نمائش کے قابل ہیں سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ جن اشخاص کو مناسب سمجھیں عطا کریں گے۔ جب یہ اختیار کسی ایسی جماعت کو دیا جائے جس میں دو یا دو سے زیادہ اشخاص ہوں تو اس میں سرکاری ملازم نصف سے کم نہ رہیں گے۔

متحرک تصاویر کی عام نمائش کا صداقت نامہ

(۲) اگر جانچنے کے بعد عہدہ دار مقتدر کسی تصویر کو عام نمائش کے

قابل تصور کرے تو وہ درخواست گزار کو صداقت نامہ عطا کرے گا اور تصویر مذکور پر منظوری کی مقررہ علامت ثبت کرا دے گا۔ عہدہ دار مقتدر کا معطیہ صداقت نامہ بجز اس صورت کے جس کا ذکر آئندہ آئے گا تمام ممالک محروسہ میں نافذ متصور ہوگا۔

(۳) **الف۔** اگر عہدہ دار مقتدر کی یہ رائے ہو کہ کوئی تصویر عام نمائش کے قابل نہیں ہے تو وہ اپنی تجویز کی اطلاع درخواست گزار کو دے گا اور درخواست گزار تاریخ اطلاع سے تیس دن کے اندر تجویز پر دوبارہ غور کئے جانے کے لئے سرکار عالی سے درخواست کر سکے گا۔

(ب) اگر درخواست سرکار عالی سے نامنظور ہو جائے تو ذریعہ جریدہ اعلان کیا جائے گا کہ تصویر مذکور غیر مصدقہ تصور کی جائے۔

(۴) عہدہ دار مقتدر اس امر کا مجاز ہوگا کہ کسی تصویر کو جس کی عام نمائش کی صداقت بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی عہدہ دار مقتدر سے حاصل کی گئی ہو اپنے روبرو پیش کئے جانے کا حکم دے اور ایسا عہدہ دار بعد معائنہ اُس تصویر کی عام نمائش کی ممانعت کر سکے گا۔

(۵) بلدہ میں کوتوال بلدہ اور اضلاع میں تعلقدار مجاز ہوگا کہ مقامی حالات کے لحاظ سے کسی ایسی تصویر کی نسبت جس کی صداقت حسب ضمن (۱) دی گئی ہو یا جو حسب ضمن (۴) بیرون ملک کی مصدقہ ہو ان عہدہ داروں

سے استصواب کرے جو حسب ضمن (۲) صداقت نامہ دینے کے مقتدر ہیں اور استصواب کا جواب ملنے تک اُس کی عام نمائش ملتوی رکھے۔ اس التواء کے زمانہ میں تصویر مذکور اُس ضلع یا بلدہ کی حد تک غیر مصدقہ متصور ہوگی۔

(۶) عہدہ دار مقتدر جس کے روبرو تعلقدار یا کوتوال بلدہ کا استصواب پیش ہو اگر تحریک سے اتفاق کرے تو تعلقدار یا کوتوال بلدہ کی رائے قطعی ہو جائے گی اور تصویر اُس مقام کی حد تک جس کے لئے تحریک ہوئی ہے غیر مصدقہ تصور کی جائے گی بہ صورت اختلاف رائے کارروائی حکم مناسب کے لئے سرکار عالی کے ملاحظہ میں پیش ہوگی۔

(۷) سرکار عالی با اختیار خود اس امر کے مجاز ہوں گے کہ ذریعہ جریدہ یہ اعلان کریں کہ کوئی مصدقہ تصویر غیر مصدقہ متصور ہو۔

(۸) جب کوئی حکم یا ہدایت بموجب ضمن (۳) حرف (ب) یا ضمن (۴) تا (۷) صادر ہو تو ایسی تصویر کی عام نمائش دفعہ ۵ ضمن (۲) کی شرط کی خلاف ورزی متصور ہوگی۔

قواعد بنانے کا اختیار

دفعہ ۸۔ (۱) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کے اغراض کے لئے قواعد مرتب کریں۔

(۲) اختیار تحت ضمن (۱) کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر مفصلہ ذیل امور کے متعلق قواعد بنائے جائیں گے۔

(الف) تصاویر کی نمائش کے موقع پر عوام کی حفاظت سے متعلق۔

(ب) جو عہدہ دار بموجب دفعہ ، مقرر ہوں ان کے ماتحتین کے تقرر۔ اختیارات اور فرائض سے متعلق۔

(ج) ایسے عہدہ داروں کے ضابطہ کارروائی سے متعلق جو تصاویر کی عام نمائش کے لئے اُن کی جانچ اور تصدیق کا اختیار رکھتے ہوں اور ان اخراجات کی نسبت جو اس کام کے لئے عائد کئے جاسکیں گے۔

(د) دیگر امور جن کے متعلق قانون ہذا میں قواعد بنائے جانے کی صراحت ہو۔

(۳) تمام قواعد جو تحت قانون ہذا مرتب کئے جائیں وہ بذریعہ جریدہ اعلامیہ شائع اور نافذ ہوں گے۔

اختیارات استثناء

دفعہ ۹۔ سرکار عالی ذریعہ حکم تحریری ان شرائط اور پابندیوں کے ساتھ جو وہ قرار دیں کسی سینماٹوگراف یا کسی خاص قسم کے سینماٹوگراف کی عام نمائش کو قانون ہذا کے کسی حکم یا کسی قاعدے سے جو تحت قانون ہذا نافذ ہوئے ہوں مستثنیٰ کرسکیں گے فقط

عسکر یار جنگ

معتمد

اطلاع

مطبع مجلس وضع قوانین میں حسب ذیل قوانین بعد طباعت بغرض فروخت موجود ہیں :-

۱ قانون قمار بازی ۴ر
۲ قانون تلف کاغذات بیکار ۳ر
۳ قانون تعمیل معاہدہ اہل حرفہ ۳ر
۴ قانون حلف ممالک محروسہ سرکار عالی ... ۶ر
۵ قانون سینماٹوگراف ۴ر